خبر منظر

کرسٹوفر ووسٹ

ستمبر ۲۰۰۵ میں سفیرِ امریکہ برائے ہند ڈیوڈ سی ملفورڈ نے ایکسیس پروگرام کے تحت چنئی میں انجمن حمایت اسلام اسکول میں ۶۰ طلبہ کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران ان سے بات چیت کی۔ ایکسیس انگریزی میں دو سال کا ایک کورس ہے جس کے لئے فنڈ امریکی محکمۂ خارجہ فراہم کرتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت ہائی اسکول کے طلبہ کو معیاری انگریزی تعلیم مفت دی جاتی ہے۔ یہ پروگرام ستمبر ۲۰۰۴ میں نئی دہلی، کلکتہ اور چنئی میں شروع کیا گیا ہے۔ انجمن حمایتِ اسلام کے طلبہ نے بڑے جوش و خروش سے سوالات پوچھے اور بعد میں سفیر مسٹر ملفورڈ نے ان طلبہ کو جغرافیہ کا ایک سبق پڑھانے کے لئے امریکہ کا نقشہ استعمال کیا۔

نیو اورلینس کے مرڈی گراس انڈین کلیکٹیو نے نئی دہلی کے امریکن سینٹر میں اپنی کارکردگی سے ۱۹ نومبر ۲۰۰۵ کی شام روشن کر دی۔ کیٹرینا طوفان کی تباہی کے بعد نیو اورلینس کے عوام کو امداد دینے پر ہندوستان کا شکریہ ادا کرنے کے لئے گیتوں اور رقص کا یہ پروگرام منعقد کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ حکومتِ ہند نے امریکن ریڈ کراس کو ۵ ملین ڈالر کا عطیہ دیا ہے۔ اس کے علاوہ ۲۵ ٹن ریلیف سامان بھی بھیجا ہے۔ ہندوستان سے اظہارِ تشکر کے لئے منعقد کئے گئے اس ''تھینک یو'' موسیقی بار پروگرام میں ہندوستانی سازندے پنڈت فتح سنگھ گنگانی نے بھی اپنے فن کا مظاہرہ کر کے سامعین کا دل جیت لیا۔

تصاویر: ولکس نرولا

اسپین کے اردو اور ہندی ایڈیشن بھی اب امریکی سفارت خانے کے ویب سائٹ پر ۲۱ دسمبر سے دستیاب ہیں۔ واضح ہو کہ انگلش ایڈیشن گذشتہ تین سال سے آن لائن ہے۔ طبع شدہ بیشتر مضامین کے لئے قارئین پہلے http://usembassy.state.gov/posts/inl/wwwhspan.html پر کلک کریں اور اس کے بعد اپنی ضرورت کے میگزین کے سرورق پر کلک کریں۔ مضامین ایڈوب ایکروبیٹ کے ذریعہ پی ڈی ایف فارمیٹ میں پڑھے جا سکتے ہیں۔ اس فارمیٹ کی وجہ سے مصور میگزین کو پڑھنے میں آسانی ہوتی ہے اور آن لائن تک پہنچنے میں کوئی دشواری نہیں ہوتی۔ اردو اور ہندی کے گذشتہ شماروں کے مضامین جلد ہی ویب پر دستیاب ہوں گے۔

ممبئی کی ہند امریکی سوسائٹی نے ۳ دسمبر ۲۰۰۵ کو ینگ اچیور ایوارڈ کی تقریب منعقد کر کے ایسے ۱۹ نوجوانوں کو اعزازات سے نوازا جنہوں نے آرٹس، صحافت، سماجی خدمت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، مالیات اور قانون کے شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ (بائیں سے دائیں) انکیتا فادیا، کمپیوٹر سیکیوریٹی اینڈ ڈیجیٹل انٹلی جنس کنسلٹنٹ؛ رمیش ونکٹ رمن، پارٹنر، مک کینسی اینڈ کمپنی؛ اور ہتل میسوانی، ڈائرکٹر، ریلائنس انڈسٹریز لیمیٹیڈ، جو ججوں کے پینل پر تھے۔

اروشا رانا